منی پاک ہے یا نجس السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا سوال یہ ہے کہ کیا منی پاک یا نجس ؟ اس پر قران ، سنت اور علماء کی تحقیق کی روشنی میں تفصیل سے جواب دیں ۔ شکریہ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! منی کے پاک یا نجس ہونے کے حوالے سے اہل علم کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے ۔ لیکن راجح مسلک یہی ہے کہ منی پاک ہے ، نجس نہیں ہے ۔ اس کی دلیل صحیح مسلم میں وارد سیدہ عائشہ کی حدیث ہے ، وہ فرماتی ہیں کہ : ''لقد کنت أفرکہ من ثوب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرکاً ، فیصلی فیہ '' میں نبی کریم کے کپڑوں سے منی کو کھرچ دیتی تھی اوران میں نماز پڑھ لیا کرتے تھے ۔ یہ حدیث مبارکہ منی کے پاک ہونے اور نجس نہ ہونے کی دلیل ہے کیونکہ کھرچنے سے کوئی چیز مکمل طور پر زائل نہیں ہوتی، چنانچہ منی آپ کے کپڑوں پر موجود ہوتی تھی اور آپ ان میں نماز ادا کرلیا کرتے تھے ۔ صحابہ میں سے سیدہ عائشہ ، سعد بن أبی وقاص ، ابن عمر ، اورتابعین میں سے سعید بن المسیب ، عطاء ، اور فقہاء میں سے امام شافعی ، امام أحمد، امام إسحاق ، داود الظاہري ، اورابن المنذراسی کے قائل ہیں ۔ منی کو نجس قرار دینے والوں نے اسے پیشاب پاخانے پر قیاس کیا ہے ، کہ ان تمام کا مخرج ایک ہے ، لہذا پیشاب پاخانے کی مانند منی بھی نجس ہے ۔ لیکن یہ قیاس مردود ہے ، کیونکہ سبیلین سے نکلنے والی ہر چیز نجس نہیں ہوتی ، ولادت کے وقت مولود بھی نجس نہیں ہوتا ، اسی طرح منی بھی نجس نہیں ہوتی جیسا کہ اوپر حدیث میں گزر چکا ہے ۔ مذکورہ دلائل سے ثابت ہوتا ہے کہ منی نجس نہیں ، پاک ہے ۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ